میڈیا سنٹر وفاق المدارس العربیہ پاکستان

اسلام آباد/پشاور دینی مدارس کی آزادی وخود مختاری پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، مدارس دینیہ کا تحفظ درحقیقت دین اسلام اور قرآن وسنت کا تحفظ ہے، مدارس کا دہشت گردی سے کوئی تعلق نہیں بلکہ مدارس میں امن کی تعلیم دی جاتی ہے، مدارس اور حکومت کے مابین حالیہ مذاکرات امید افزاء ہیں حکومت طے شدہ امور کو فی الفور عملی شکل دے، حکمران اپنی پالیسیوں پر نظر ثانی کریں اور وطن عزیز کو امریکی کالونی نہ بنائیں ان خیالات کا اظہار وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے رہنماؤں مولانا قاری محمد حنیف جالندھری، مولانا قاضی عبدالرشید، مولانا مفتی کفایت اللہ اور دیگر نے تحفظ مدارس ومساجد کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ مولانا فضل الرحمٰن کی خصوصی دعوت پر وفاق المدارس کے ایک اعلیٰ سطحی وفد نے مولانا قاری محمد حنیف جالندھری کی قیادت میں کانفرنس میں شرکت کی۔ وفد میں قاضی عبدالرشید، مفتی کفایت اللہ ،مولانا عبدالغفار توحیدی، مولانا عبدالقدوس محمدی اور مولانا غلام مجتبیٰ سمیت دیگر علماء شامل تھے۔ وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے رہنماؤں نے اس کانفرنس کو مدارس کی آزادی وخود مختاری کی بقا کے لیے اہم سنگ میل قرار دیا اور اس کی کامیابی پر جمعیت کو مبارکباد پیش کی۔ وفاق المدارس کے رہنماؤں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ مدارس کی حریت فکر وعمل کا ہر قیمت میں تحفظ کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ مدارس کا تحفظ درحقیقت دین اسلام اور قرآن وسنت کا تحفظ ہے۔ انہوں نے کہا کہ مدارس کا دہشت گردی، انتہاپسندی اور تشدد سے کوئی تعلق نہیں بلکہ یہ ادارے امن وآشتی کی تعلیم دیتے ہیں۔ دہشت گردی دراصل ملکی اور عالمی حکومتوں کی غلط پالیسیوں کا نتیجہ ہے اس لیے مدارس کو مورد الزام ٹھہرانے کی بجائے حکومتیں اپنی پالیسیوں پر نظر ثانی کریں۔ مولانا محمد حنیف جالندھری نے حالیہ حکومت مدارس مذاکرات کو مثبت پیش رفت قرار دیا اور کہا کہ حکومت طے شدہ امور کو فوری طور پر عملی شکل دے۔ انہوں نے ملکی اور غیر ملکی ذرائع ابلاغ، حکومتی نمائندوں اور سفراء کو مدارس کے دورے کی دعوت دی، وفاق المدارس کے رہنماؤں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ وہ وطن عزیز کو امریکی کالونی نہ بنائیں اور بڑھتی ہوئی امریکی مداخلت کو روکیں۔

دعائے مغفرت

ملک کے ممتاز ومجاہد عالم دین دین جامعہ حیدریہ انوار الہدیٰ خیر پور میرس (سندھ) کے مہتمم اور تنظیم اہل سنت والجماعت کے سرپرست اعلیٰ حضرت مولانا علی شیر حیدریؒ دہشت گردوں کی فائرنگ سے ۲۵ شعبان ۱۴۳۰ھ مطابق ۱۷ اگست ۲۰۰۹ء کو خلعت شہادت پہن کر قافلہ شہدا سے جاملے۔ اناللہ وانا الیہ راجعون

دارالعلوم عربیہ اسلامیہ دلبوڑی تحصیل اوگی ضلع مانسہرہ کے مہتمم اور ممتاز عالم دین حضرت مولانا فضل مولیٰ سفر عمرہ کے دوران رمضان المبارک کے بابرکت مہینہ میں اس دار فانی سے رحلت فرماگئے۔ اناللہ وانا الیہ راجعون مرحوم کی تدفین جنت المعلی مکہ معظمہ میں کی گئی۔